نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت ایس ایم تنویر کی زیرصدارت لاہور میں اجلاس کا انعقاد۔اجلاس میں زرعی تحقیق کے نظام میں اصلاحات لانے پر غور وخوض۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی شرکت

زرعی تحقیق کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے اکیڈمیا، تحقیقی ادارے اور شعبہ ایکسٹینشن کے مابین اشتراک بڑھایا جائے گا۔وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر

لاہور15ستمبر2023 (   ) صوبائی وزیر زراعت ،صنعت وتجارت ایس ایم تنویر کی زیرصدارت پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ابراہیم مراد، سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو، زرعی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز، پنجاب ایگری کلچر ریسرچ بورڈ کے سی ای او اور زرعی تحقیق اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔اس موقع پر زرعی تحقیق کے نظام میں اصلاحات لانے کا فیصلہ کیا گیا۔زرعی تحقیق کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے اکیڈمیاں، تحقیقی ادارے اور شعبہ ایکسٹینشن کے مابین اشتراک بڑھایا جائے گا۔اس موقع پر زرعی تحقیق کے نظام کو مربوط کرنے کے لئے ٹیکنیکل گروپ تشکیل دے دیا گیا۔زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر کی قیادت میں بننے والا یہ پانچ رکنی ٹیکنیکل گروپ 15 دنوں میں سفارشات مرتب کرے گا اور زرعی تحقیق میں اشتراک، شراکت اور تحقیقی عمل کو مربوط بنانے کے لئے لائحہ عمل دے گا۔اجلاس میں ریوالونگ ایگری کلچر ریسرچ فنڈ کے قیام کا فیصلہ بھی کیا گیا۔اس کے ساتھ ساتھ زرعی سائنسدانوں کو ان کے مکمل ہونے والے منصوبوں کی بروقت ادائیگی کے لئے جامع پالیسی بنائی جائے گی۔صوبائی وزیر ایس ایم تنویر نے ہدایت کی کہ ریسرچ ورک میں کسی قسم کی سیاست کا عمل دخل نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ باہمی مشاورت سے ایسا لائحہ عمل بنایا جائے گا جس سے زراعت کو فروغ ملے۔ہم نے دنیا کے زرعی تحقیق کے ماڈل کو سامنے رکھتے ہوئے زرعی تحقیق کا عمل آگے بڑھانا ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ یونیورسٹیز اور تحقیقی ادارے باہمی اشتراک سے تحقیق کے عمل کو مربوط طریقے سے آگے بڑھائیں تا کہ زرعی پیداوار کو بڑھایا جا سکے۔

☆☆☆☆